احمدی احباب کی تعلیم و تربیت کیلئے

جمعرات 11 دسمبر 2008ء

روزنامہ

ٹیلی فون نمبر 047-6213029 FD-10

الفضل

ایڈیٹر: عبدالسمیع خان

Web: http://www.alfazl.org
Email: editor@alfazl.org

جمعرات 11 دسمبر 2008ء 12 ذوالحج 1429 ہجری 11 فتح 1387 ہش جلد 58-93 نمبر 279

حالت سجدہ میں

حضرت عبداللہؓ بیان کرتے ہیں کہ ایک دفعہ قریش کے سرداروں نے منصوبہ بنا کر ذبح شدہ اونٹ کی اوجھڑی، لید اور خون منگوائے اور جب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم خانہ کعبہ کے قریب سجدہ کی حالت میں تھے آپؐ کے اوپر رکھ دیا اور پھر اتنے اونچے قہقہے لگائے کہ ایک دوسرے پر گرے پڑتے تھے۔ یہ سب سردار جنگ بدر میں قتل ہوئے۔

(صحیح بخاری کتاب الصلوٰۃ باب المرءۃ تطرح عن المصلی حدیث نمبر:490)

ارشادات عالیہ حضرت بانی سلسلہ احمدیہ

بہت سے لوگ ایسے ہوتے ہیں جو زبانی تو ایمان کے دعوے کرتے ہیں اور مومن ہونے کی لاف وگزاف مارتے رہتے ہیں لیکن جب معرض امتحان و ابتلا میں آتے ہیں تو ان کی حقیقت کھل جاتی ہے۔ اس فتنہ و ابتلا کے وقت ان کا ایمان اللہ تعالیٰ پر ویسا نہیں رہتا بلکہ شکایت کرنے لگتے ہیں اسے عذابِ الٰہی قرار دیتے ہیں۔ حقیقت میں وہ لوگ بڑے ہی محروم ہیں۔ جن کو صالحین کا مقام حاصل نہیں ہوتا۔ کیونکہ یہی تو وہ مقام ہے جہاں انسان ایمانی مدارج کے ثمرات کو مشاہدہ کرتا ہے اور اپنی ذات پر ان کا اثر پاتا ہے اور نئی زندگی اسے ملتی ہے لیکن یہ زندگی پہلے ایک موت کو چاہتی ہے اور یہ انعام و برکات امتحان و ابتلاء کے ساتھ وابستہ ہوتے ہیں۔ یہ یاد رکھو کہ ہمیشہ عظیم الشان نعمت ابتلاء سے آتی ہے اور ابتلاء مومن کے لئے شرط ہے (۔) یعنی کیا لوگ گمان کر بیٹھے ہیں کہ وہ اتنا ہی کہہ دینے پر چھوڑ دیئے جاویں گے کہ ہم ایمان لائے اور وہ آزمائے نہ جاویں۔ ایمان کے امتحان کے لئے مومن کو ایک خطرناک آگ میں پڑنا پڑتا ہے مگر اس کا ایمان اس آگ سے اس کو صحیح سلامت نکال لاتا ہے اور وہ آگ اس پر گلزار ہو جاتی ہے۔ مومن ہو کر ابتلاء سے کبھی بے فکر نہیں ہونا چاہئے اور ابتلاء پر زیادہ ثبات قدم دکھانے کی ضرورت ہوتی ہے اور حقیقت میں جو سچا مومن ہے ابتلاء میں اس کے ایمان کی حلاوت اور لذت اور بھی بڑھ جاتی ہے۔ اللہ تعالیٰ کی قدرتوں اور اس کے عجائبات پر اس کا ایمان بڑھتا ہے اور وہ پہلے سے بہت زیادہ خدا تعالیٰ کی طرف توجہ کرتا اور دعاؤں سے فتحیاب اجابت چاہتا ہے۔

یہ افسوس کی بات ہے کہ انسان خواہش تو اعلیٰ مدارج اور مراتب کی کرے اور ان تکالیف سے بچنا چاہے جو ان کے حصول کے لئے ضروری ہیں۔

یقیناً یاد رکھو کہ ابتلاء اور امتحان ایمان کی شرط ہے اس کے بغیر ایمان، ایمان کامل ہوتا ہی نہیں اور کوئی عظیم الشان نعمت بغیر ابتلا ملتی ہی نہیں ہے۔ دنیا میں بھی عام قاعدہ یہی ہے کہ دنیاوی آسائشوں اور نعمتوں کے حاصل کرنے کے لئے قسم قسم کی مشکلات اور رنج و تعب اٹھانے پڑتے ہیں۔ طرح طرح کے امتحانوں میں سے ہو کر گزرنا پڑتا ہے تب کہیں جا کر کامیابی کی شکل نظر آتی ہے اور پھر بھی وہ محض خدا تعالیٰ کے فضل پر موقوف ہے۔ پھر خدا تعالیٰ جیسی نعمت عظمیٰ جس کی کوئی نظیر ہی نہیں یہ بدوں امتحان کیسے میسر آ سکے۔

(ملفوظات جلد سوم صفحہ 510)

حضور انور ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز کا خطبہ جمعہ

سیدنا حضرت خلیفۃ المسیح الخامس ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز کا خطبہ جمعہ مورخہ 12 دسمبر 2008ء سے حسب معمول پاکستانی وقت کے مطابق شام 6:00 بجے نشر ہوگا۔

سپیشلسٹ ڈاکٹرز کی آمد

- مکرم ڈاکٹر سید مظفر احمد صاحب آف یو کے لیپروسکوپک سرجن اور بڑی آنت کے کینسر کے ماہر مورخہ 15 دسمبر 2008ء سے 2 ہفتوں کے لئے فضل عمر ہسپتال تشریف لا رہے ہیں۔
- مکرم ڈاکٹر مرزا امین بیگ صاحب آف یو۔ ایس۔ اے ارتھوپیڈک سرجن مورخہ 18 دسمبر تا 22 دسمبر 2008ء فضل عمر ہسپتال میں مریضوں کا معائنہ کریں گے۔

ضرورت منداحباب و خواتین ان ڈاکٹرز صاحبان کی خدمات سے استفادہ کے لئے تشریف لائیں اور پرچی روم سے قبل از وقت اپنی پرچی بنوالیں۔

مزید معلومات کے لئے استقبالیہ ہسپتال سے رجوع فرمائیں۔

(ایڈمنسٹریٹر فضل عمر ہسپتال ربوہ)

طاہر ہومیو پیتھک انسٹیٹیوٹ کھلا رہے گا

- اس سے پہلے یہ اعلان کیا گیا تھا کہ طاہر ہومیو پیتھک ہسپتال اور ریسرچ انسٹیٹیوٹ ربوہ مورخہ 19 دسمبر تا 3 جنوری 2008ء بند رہے گا۔ اب یہ تعطیل نہ ہوگی اور کلینک ماہ دسمبر میں کھلا رہے گا۔ احباب نوٹ فرمالیں۔

(معتمد مجلس خدام الاحمدیہ پاکستان)

احباب محتاط رہیں

- مکرم منیر احمد صاحب ولد محمد یعقوب صاحب طاہر پراپرٹی سنٹر رحمت شرقی الف کے متعلق کئی شکایات ہیں۔ احباب لین دین کرتے وقت محتاط رہیں۔''

(صدر عمومی لوکل انجمن احمدیہ ربوہ)

تعارف

حضرت خلیفۃ المسیح الثانی کا

سفر یورپ 1924ء

ڈائری ازقلم: حضرت بھائی عبدالرحمٰن قادیانی
ناشر: عبدالمنان کوثر صاحب
پرنٹر: طاہر مہدی امتیاز احمد وڑائچ صاحب
ضخامت: 524 صفحات

آج سے 84 سال پہلے سیدنا حضرت مصلح موعود خلیفۃ المسیح الثانی نے پہلا تاریخی سفر یورپ فرمایا۔ یہ وہ دور تھا جب ذرائع آمد و رفت اور سائنس و ٹیکنالوجی نے بہت زیادہ ترقی نہیں کی تھی اور بیرون ملک سفر اور وہ بھی یورپ کیلئے نکلنا کوئی آسان کام نہ تھا اور قادیان جیسی دور دراز بستی سے یورپ کیلئے عازم سفر ہونا اپنی ذات میں انتہائی کٹھن لیکن تاریخی کارنامہ ہے۔ حضرت خلیفۃ المسیح الثانی کا یہ سفر یورپ تاریخ احمدیت میں بہت اہم سنگ میل ثابت ہوا۔

1924ء کے آغاز میں انگلستان کی مشہور عالمی ویمبلے نمائش کے سلسلہ میں سوشلسٹ لیڈر مسٹر ولیم لافٹس ہیئر کی تجویز پر ایک مذاہب کانفرنس کے انعقاد کا فیصلہ کیا گیا۔ اس کانفرنس میں شرکت اور دین حق کے متعلق احمدی نقطہ نگاہ پیش کرنے کے لئے سیدنا حضرت خلیفۃ المسیح الثانی، حضرت حافظ روشن علی صاحب اور دیگر گیارہ احباب کے ساتھ 12 جولائی 1924ء کو قادیان سے روانہ ہوئے۔ اسی سفر میں بیت الفضل لندن کا سنگ بنیاد بھی رکھا گیا۔ جو بعد میں خلافت احمدیہ کا مرکز بنی۔

اس مبارک سفر کے آغاز سے اختتام سفر تک حضرت بھائی عبدالرحمٰن قادیانی یومیہ ڈائری کی صورت میں رپورٹ تیار کر کے ساتھ ساتھ قادیان بھجواتے گئے۔ اس ڈائری کی اہمیت و افادیت کے پیش نظر اسے کتابی صورت میں مجلس انصاراللہ پاکستان نے پہلی دفعہ شائع کیا ہے اور حضرت مصلح موعود کے اس سفر کی لمحہ لمحہ روداد احباب کے سامنے پیش کر کے یہ واضح کیا ہے کہ حضرت خلیفہ ثانی کے اس سفر میں کون کون سے واقعات رونما ہوئے، خداتعالیٰ کی تائید کے نشانات کی تفصیلات اور حضور انور کے شب و روز کے معمولات کیا تھے۔

قادیان سے دعاؤں کے ساتھ 12 جولائی کو روانہ ہوئے اور دہلی، بمبئی، مصر، قاہرہ، بیت المقدس دمشق، بیروت، حیفا، اٹلی اور فرانس سے ہوتے ہوئے 20 راگست کو بخیریت لندن رونق افروز ہوئے اور لندن کی سرزمین نے خلیفۃ المسیح کی پہلی مرتبہ قدم بوسی کی اور برکتوں سے مالا مال ہوگئی۔

حضرت مصلح موعود کے اس سفر کی رپورٹ کو حضرت بھائی عبدالرحمٰن قادیانی نے تفصیل سے رقم کیا ہے اور ایک ایک مرحلے کو جزئیات میں جا کر بیان کرنے سے یوں لگتا ہے کہ قاری اسی ماحول اور واقعہ کا حصہ ہے اس ڈائری سے نمونۃً چند سطور نذر قارئین ہیں۔

حضور کی روانگی کا نقشہ کھینچتے ہوئے حضرت بھائی صاحب لکھتے ہیں ۔ آخر امرتسر کا سٹیشن آ گیا جہاں پلیٹ فارم پر کثرت سے جماعت کے دوست موجود تھے جو لاہور اور امرتسر اور مضافات سے حضور کی تشریف آوری کی خبر سن کر جمع ہوئے تھے۔ ہماری ریزرو گاڑی ٹرین سے کاٹ لی گئی اور ایک کونہ میں کھڑی کر دی گئی۔ لاہور اور امرتسر کی جماعتوں نے فوٹو لئے ۔حضور نے کھانا تناول فرمایا اور پھر گاڑی پر تشریف لے آئے اور جلد ہی لاہور سے وہ گاڑی آ گئی جس کے ساتھ ہماری یہ گاڑی لگائی گئی۔ دوست باری باری مصافحہ کرتے جاتے تھے اور دعا کے لئے درخواستیں پیش کرتے جاتے تھے۔ گاڑی روانہ ہوگئی اور بعض دوست چلتی گاڑی سے اترنے کی کوشش میں بعض ساتھ ساتھ دوڑنے کی وجہ سے گرتے گرتے بچ گئے۔

آپ نے سمندری سفر کا حال یوں بیان فرمایا۔

سارے سمندری سفر میں آج شام جس حصہ سمندر سے ہمارا جہاز گزرا ہے نہایت ہی خوبصورت اور دلکش مناظر کا مجموعہ ہے۔ یونان کے جزائر کی پہاڑیاں دونوں طرف کھڑی ہیں، کہیں کہیں آبادی بھی نظر آتی ہے انگور کے کھیت جا بجا بچھے ہوئے دکھائی دیتے ہیں۔ زیتون کے جنگلوں کے جنگل کھڑے ہیں۔ بعض بعض جگہ سرو کے بلند و بالا نوکیلے خوبصورت درخت پہاڑی مناظر کو اور بھی خوبصورت بناتے ہیں ......غرض بہت ہی دلکش سین ہے یا ہمیں لمبے سمندری سفر سے اکتا جانے کی وجہ سے یہ سماں زیادہ خوبصورت دکھائی دیا ہے۔ آج شام کے وقت حضرت اقدس نے مولوی عبدالرحیم صاحب درد کو بلوا کر حکم دیا کہ تمام دوستوں کو حکم دیں کہ اب ہم یورپ میں داخل ہو رہے ہیں لہٰذا اپنے اوقات کو بہت دعائیں کرتے ہوئے گزاریں۔ جہاز سے اترنے سے پہلے بھی دعائیں کریں، مل کر جمع ہو کر دعا کریں اور پھر جہاز سے اتر کر بھی دعائیں مل کر کریں تب جدھر حکم ہو روانہ ہوں۔

حضرت مصلح موعود کے بارے میں واپسی کے حالات یوں بیان کئے۔

9 نومبر 1924ء کو صبح کی نماز میں حضور تشریف لائے اور نماز پڑھائی مگر آج کی نماز خصوصیت سے لمبی تھی۔ قراءت میں غیر معمولی درد، سوز اور گداز تھا...... نماز سے فارغ ہو کر حضور بیٹھ گئے اور فرمایا کہ آج تو رات بھر بخار رہا ہے۔ تھرمامیٹر لگایا مگر معلوم ہوا کہ اب بخار کوئی نہیں ۔ حضور لیٹے رہے...... ڈیڑھ گھنٹہ کے قریب حضور لیٹے لیٹے باتیں کرتے رہے۔ کھانا حضور نے میز پر کھایا......حضور نے ظہر اور عصر کی نمازیں بھی خاص دعاؤں کے ساتھ پڑھائیں اور کثرت سے دعائیں کیں ۔اللہ تعالیٰ ان دعاؤں کو تمام جماعت اور سارے ہی خدام کے لئے قبول فرمائے۔ آمین

اس ڈائری میں حضرت بھائی عبدالرحمٰن نے لکھنے کا ایسا طریق اپنایا ہے کہ یوں لگتا ہے تمام حالات و واقعات ندی میں بہنے والے پانی کی مانند ہیں جو روانی سے بہے چلے جا رہے ہیں۔ اس میں دلچسپی کے ساتھ ساتھ بہت سی معلومات، روحانیت کی باتیں اور مذہبی نکات ہیں جو ہر چھوٹے بڑے احمدی کیلئے انتہائی ضروری ہیں۔ مجلس انصاراللہ پاکستان اس کاوش کو ایک بار پھر منظر عام پر لانے کیلئے مبارکباد کی مستحق ہے۔

اللہ تعالیٰ اس کتاب کو طباعت سے آراستہ کرنے والی ٹیم کو جزائے خیر عطا فرمائے۔ آمین

(ایف۔شمس)

مومن کا فرض

حضرت مسیح موعود نے فرمایا:

موت کا کوئی وقت معلوم نہیں ہے کہ کب آ جاوے مومن کو مناسب ہے کہ وہ کبھی غافل نہ ہو اور خداتعالیٰ سے ڈرتا رہے۔

(ملفوظات جلد اول صفحہ 438)

پھر آپ فرماتے ہیں۔ کہ

پس بے خوف ہو کر مت رہو۔ استغفار اور دعاؤں میں لگ جاؤ اور ایک پاک تبدیلی پیدا کرو۔ اب غفلت کا وقت نہیں رہا۔ انسان کو نفس جھوٹی تسلی دیتا ہے کہ تیری عمر لمبی ہوگی۔ موت کو قریب سمجھو۔

(ملفوظات جلد اول ص 485)

☆......☆......☆

قیام پاکستان کے اگلے سال جب ربوہ میں پکی

وفاؤں کے چراغ

اپنے کردار میں اک کوہِ گراں ہوتے ہیں
ہر زمانے میں وہ عظمت کا نشاں ہوتے ہیں

وہ جو کٹ جاتے ہیں پیمانِ وفا کی خاطر
ایسے انسان ہی توقیرِ جہاں ہوتے ہیں

ان کے اخلاص سے ہر دور مہک اٹھتا ہے
وہ تو ہر رُت میں بہاروں کا سماں ہوتے ہیں

اپنا خوں دے کے جلاتے ہیں وفاؤں کے چراغ
ہاں یہی لوگ اُجالوں کا جہاں ہوتے ہیں

وہ کہ ہر آن چمکتے ہیں ستاروں کی طرح
اُن کے اوصاف ہزاروں میں بیاں ہوتے ہیں

عبدالصمد قریشی

پبلشر و پرنٹر طاہر مہدی امتیاز احمد وڑائچ مطبع ضیاء الاسلام پریس مقام اشاعت دارالنصر غربی چناب نگر (ربوہ) قیمت -/5 روپے

اللہ کے گھر اور رسول کے قدموں میں

ص۔ب۔سامی لندن

دسمبر 2007ء میں ہمارا آٹھ احمدیوں پر مشتمل گروپ جن میں تین مرد اور پانچ عورتیں شامل تھیں چارٹرڈ ایئر لائن سے مدینہ منورہ کے لئے روانہ ہوئے۔ تقریباً چھ یا سات گھنٹے کی فلائٹ کے بعد ہم مدینہ ایئر پورٹ پر اُترے۔ کوئی خاص رش نہیں تھا، ہماری فلائیٹ کے ہی مسافر تھے۔ جلدی فارغ ہو کر ہم اپنا اپنا سامان لیکر باہر آ گئے۔ بتاتی چلوں کہ ہمارے معلّم صاحب ہمارے ساتھ ہی سفر کر رہے تھے جو ہر بات کے لئے ہمیں گائیڈ کرتے تھے۔ ہم کوچ میں بیٹھ گئے اور دیارِ نبی کی طرف روانگی شروع ہوگئی، دل کا حال میں کیا بتاؤں، اُس بستی اور اُس دھرتی پر پاؤں رکھے تھے جو میرے آقا حضرت محمد مصطفےٰ ﷺ کی سر زمین تھی اور میرا رخ مسجد نبوی کی طرف تھا، دل میں خوشی تو بہت تھی مگر دل و دماغ میں ایک خوف بھی طاری تھا، سوچتی تھی کہ کیا میں وہ سب کر سکوں گی جو حج کے فرائض ہیں؟ اپنے آپ پر یقین نہیں تھا۔ انہیں سوچوں میں تھی کہ سامنے مسجد نبوی کے وہ روشن مینار نظر آنے شروع ہوگئے، جن کے نور کی روشنی سے ساری دنیا میں اُجالا ہے۔ اتنی خوبصورت روشن مسجد کیوں نہ ہو اُس سبز گنبد کا مکیں نوروں کا بادشاہ نور مدفون ہے جس سے ساری دنیا منور ہو چکی ہے۔ الحمد للہ ہم اُس ہوٹل میں پہنچ گئے جہاں ہمارے رہنے کا انتظام تھا، چونکہ میں اپنے حاجیوں کے گروپ میں آخر میں شامل ہوئی تھی لہٰذا میری رہائش کی جگہ بھی اپنوں سے علیحدہ تھی، مجھے وہاں اجنبی عورتوں کے ساتھ رہنے میں بہت گھبراہٹ تھی اور میری محسن بہنوں نے مجھے اکیلے نہیں رہنے دیا گو کہ چار بیڈ کے بیڈ روم میں ہم پانچ کو رہنا تھا مگر باقی میری بہنوں نے تکلیف اُٹھا کر مجھے سہولت دی اور مجھے اپنے ساتھ ہی رکھا۔

الحمد للہ، ہمیں بہت اچھے ہوٹل میں جگہ ملی۔ سب سے اچھی بات یہ تھی کہ ہوٹل سے باہر نکلتے ہی مسجد نبوی کا صحن تھا، جس سے ہمیں یہ سہولت ہوگئی کہ جب مرضی ہم مسجد نبوی میں جا سکتے تھے، اور اکیلے جانے میں بھی کوئی دشواری نہیں تھی۔ ہر کوئی آزادی سے اپنی مرضی کے مطابق عبادات کے لئے جا سکتا تھا۔ لیکن ہم سب اکثر اکٹھے ہی جاتے تھے۔ اگلے دن ہم نے روضہ مبارک کی زیارت کرنی تھی اور زیارت کے لئے وقت مقرر ہیں، جہاں بہت رش رہتا ہے، اور خاص طور پر حج کے دنوں میں تو بے بہا رش ہوتا ہے، یہ وقت صرف عورتوں کے لئے مخصوص ہے۔ ہم بھی دیدار کے پیاسوں میں کھڑے ہوگئے، چونکہ بشریٰ عشرت صاحبہ اس سے قبل کافی مرتبہ زیارت روضہ کر چکی تھیں وہ جانتی تھیں کہ کیسے اندر جانا ہے، اس لئے وہ یہاں بھی ہماری رہبر بنیں، اُنہوں نے میرا ہاتھ پکڑا اور اس طرح میرے بعد میری باقی تینوں بہنوں نے ایک دوسرے کے ہاتھ میں ہاتھ لیا اور اُس گیٹ کے کھلنے کی انتظار میں دعائیں کرتے ہوئے کھڑے ہوگئے جس کے دیدار کے لئے آنکھیں ترستی ہیں۔ جیسے ہی گیٹ کھلا لوگ دیوانوں کی طرح اُس آقا کے روضہ مبارک کی طرف بھاگے جس کا نام حضرت محمد ﷺ ہے اور جو اللہ کا بہت پیارا ہمارا محبوب ہے۔ یوں تو پوری مسجد نبوی ہی خیر و برکت کا خزانہ ہے مگر ریاض الجنتہ اس خزانہ کا انمول حصّہ ہے اِس پر سبز قالین کا فرش رہتا ہے، نوافل پڑھنے والوں کا یہاں پر ہجوم رہتا ہے۔ یہ قطعہ جنت کا ٹکڑا بھی کہلاتا ہے، ہر شخص کی خواہش ہوتی ہے کہ وہ وہاں سجدہ شکرانہ ادا کر سکے اُن میں ہم بھی شامل تھے۔

ہمیں بھی سبز قالین والے حصّہ میں آٹھ سفید ستونوں میں سے ایک بابرکت ستون کے ساتھ جگہ مل گئی۔ پہنچ کر شکرانہ کے دو نفل ادا کئے، دعائیں کیں سامنے میرے آقا مولا حضرت محمد ﷺ کا روضہ مبارک تھا جن کے لئے یہ دو جہان وجود میں آئے۔ مجھے ایسا لگا جیسے میرا پورا کا پورا جسم پگھل گیا ہے۔ جو بھی دل سے اور زبان سے بے ساختہ دعائیں نکلیں مانگتی گئی، آنسو تھے کہ تھمنے کا نام نہیں لیتے تھے۔ ایک ہی جذبہ تھا کہ مَیں اللہ تعالیٰ کے گھر میں اُس کے محبوب حضرت رسول اکرم ﷺ کے قدموں پر سر جھکائے کھڑی ہوں۔ اللہ تعالیٰ ہماری یہ زاریاں قبول فرمائے۔ آمین

اگلے دن ہم نے مدینہ منورہ کی گلیوں کی وہ خاک دیکھی جن پر میرے پیارے آقا و مولا حضرت محمد ﷺ کے مبارک قدم چلے ہوں گے، مبارک مساجد کو دیکھنے کی سعادت نصیب ہوئی خاص طور پر مسجد جمعہ مسجد قبلتین میں اور مسجد قُباء میں دو دو نفل ادا کرنے کی توفیق نصیب ہوئی الحمد للہ۔ اُس کے بعد ہم نے زیارت اُحد و شہداء پر حاضری دی جبلِ رُماۃ دیکھی اور حضرت حمزہ اور دیگر صحابہ کرام رضوان اللہ کے مزار پر حاضری دی اور دُعائیں کیں۔

احرام باندھے اور دیارِ نبی سے بستیوں کی ماں مکّہ مکرمہ بیت الحرام کی طرف روانگی شروع ہوئی ہمارے حج کی ابتدا شروع ہوگئی۔ ایمیگریشن اور وہاں کے قانونی مراحل سے گذرے۔ مسجد ذوالحلیفہ میں نفل ادا کئے اور تلبیہ کا ورد شروع ہوگیا، رات کا وقت تھا ہر قوم و نسل کی بے شمار دنیا تھی یقین نہیں آرہا تھا کہ میں یہاں ہوں ہمارے معلم تلبیہ پڑھتے جاتے تھے اور ہم اُونچی آواز میں دہراتے جارہے تھے۔ یہاں بھی ہم سب نے ایک دوسرے کو پکڑا ہوا تھا۔ ہمارے معلم صاحبان کی بھی ہمیں یہی تاکید تھی کہ اپنے گروپ کیساتھ رہیں۔

ہمارا یہ سفر تقریباً پندرہ گھنٹے میں ختم ہوا۔ مکہ ہوٹل میں پہنچتے ہی ہمارے معلّم صاحب نے ہمیں تاکید کردی کہ ہم جانتے ہیں کہ سب بہت تھکے ہوئے ہیں مگر آپ سب تازہ دم ہو کر فوری طور پر تیار ہو جائیں مسجد حرام میں عمرہ کے لئے جانا ہے۔

جی ہاں ڈر اور خوف سے میرا دل بیٹھا جارہا تھا، اور اتنی ہی درد سے دُعائیں کر رہی تھی، کہ یا اللہ یہ سب کیا ہے؟ کہاں میں اور میری اوقات؟ اور یہ اتنے بڑے فضل مجھ ناچیز پر۔ ہم مسجد حرام میں پہنچ گئے دو نفل ادا کئے، اور خانہ کعبہ پر نظر پڑی میں ساکت ہوگئی، بہت دیر تک تو میری زبان سے ایک لفظ بھی نہیں نکلا۔ میں کیا دیکھ رہی ہوں، مجھے یقین نہیں آرہا تھا، سوکھی آنکھوں اور خشک زبان سے خانہ کعبہ کو تکتی رہی۔ کچھ دیر کے بعد ہوش آئی تو پھر آنکھوں نے دل و دماغ نے اپنا کام شروع کیا، اللہ پاک کا جتنا بھی شکر کروں کم ہے کہ اللہ تعالیٰ نے مجھے بھی یہ دن دکھایا۔ خانہ کعبہ میں ہر رنگ اور ہر نسل کے لوگ نظر آرہے تھے اللہ کے گھر میں کوئی بڑا اور چھوٹا نہیں تھا تمام اللہ کے بندے اور محمد ﷺ کے پروانے اپنی اپنی دُھن میں مگن اللہ تعالیٰ کے حضور میں حاضر تھے۔ بلا مبالغہ ہر آنکھ اشکبار تھی اور ہر زبان اللہ تعالیٰ کی حمد میں سرگرداں تھی۔

یہاں بشریٰ نے ہم سب کو ہدایت دی کہ رش بہت ہے، اس لئے تقسیم ہو جائیں۔ ایوب ندیم صاحب اپنی بیگم نرگس اور اُن کی بہن نصرت خان کے ساتھ ہو جائیں اور داؤد ندیم صاحب اپنی بیگم قمر کے ساتھ، عشرت صاحب اور بشریٰ نے مجھے اپنے ساتھ رکھ لیا، عشرت صاحب اور بشریٰ کے علاوہ ہم سب پہلی بار گئے تھے اس لئے تھوڑی گھبراہٹ تھی کہ کہیں گُم نہ ہو جائیں، اس قدر دنیا تھی کہ ملنا مشکل تھا۔ پہلے تو یہ ڈر تھا کہ جانے طواف کیسے کریں گے کہ بہت رش ہے لیکن جب شروع کیا تو الحمد للہ کوئی دشواری نہیں ہوئی دل بھر کے دعائیں کیں، رو رو کر التجائیں کیں، طواف کرتے ہوئے چلتے جارہے تھے مگر سر سجدے میں تھے اپنی اپنی بساط کے مطابق ہر کوئی اپنے رب کے آگے جھکے بخشش کی بھیک مانگ رہا تھا۔ بیت الحرام کی تین منزلیں ہیں پہلی تو وہ جہاں خانہ کعبہ ہے وہاں تو چلنا بھی مشکل تھا اِس لئے ہم نے دوسری منزل پر طواف کیا۔

طواف کے دو یا تین چکر لگانے کے بعد تھوڑا ڈر کم ہوگیا اتنے رش کے باوجود چلنے میں زیادہ دشواری نہیں تھی، طواف کے بعد صفا مروہ میں سعی کرنے کی توفیق ملی۔ وہاں بھی اللہ کے بندوں محمد ﷺ کے پروانوں کا جمِ غفیر تھا۔

6 ذوالحج کو پھر سے احرام باندھے، دو نفل ادا کئے اور منیٰ کی طرف ہماری روانگی شروع ہوگئی، یہ پانچ دن بھی بہت بابرکت تھے۔ جدھر نظر پڑتی تھی خیموں کی دنیا آباد تھی، انتظام بہت اچھا تھا۔ زمین پر قالین بچھے تھے سونے کے لئے ہمارے پاس سلیپنگ بیگ موجود تھے۔ سخت گرمی تھی ایر کنڈیشن ہر وقت چلتا تھا۔ شدید گرمی کے باوجود ہم کافی آرام سے تھے۔ منیٰ کے دن بھی یادگار دن رہیں گے بہت دعاؤں کا موقعہ ملا، زیادہ تر ہمارا وقت تلاوت اور درود شریف پڑھنے میں ہی گزرتا تھا، سچ پوچھیں تو منیٰ میں وقت بہت اچھا گزرا، بہت سارے مختلف لوگوں سے تعارف بھی ہوا۔

اب اگلا مقام عرفات کے لئے ہماری روانگی تھی۔ کوچ میں بھی اور ویسے بھی ہر وقت تلبیہ پڑھا جاتا تھا۔ یہاں بھی چاروں طرف خیموں کا ایک شہر آباد تھا، جدھر بھی نظر جاتی دُنیا ہی دُنیا تھی اور ہر آنکھ میں آنسو اور لبوں پر دعائیں تھیں، بلکہ یہ کہوں تو زیادہ سچ ہے کہ آہوں اور سسکیوں سے رب کے حضور التجائیں تھیں۔ یہاں پر جو نمازیں ادا کی گئیں وہ بھی بہت رِقت انگیز تھیں۔ یہاں بھی انسانوں کا ایک سمندر نظر آتا ہے۔ یہ سب اللہ کے بندے ہیں جن کو اللہ نے خود بلایا ہے، یہ سب اللہ کے مہمان ہیں۔ جبلِ رحمت دیکھا، پاس تو نہیں جا سکے مگر دور سے ہی زیارت کی اور بہت رو رو کر دعائیں کیں، درود شریف اور کلمہ چہارم کا خوب خوب ورد کیا۔

اُسی دن شام کو مزدلفہ کو روانگی تھی، چونکہ ہمارے حصہ میں ایک ہی کوچ تھی جس نے باری باری سب کو لیکر جانا تھا اس لئے سب کو کافی انتظار کرنا پڑتا تھا ہماری باری جلدی آ گئی۔ مزدلفہ کی رات کیا بتاؤں یہ رات بھی عجیب رات تھی کھلے آسمان کے نیچے تین ملین لوگ اللہ تعالیٰ کی رضا کی خاطر جمع ہو گئے۔ کہیں سے اذان کی آواز آرہی ہے تو کہیں باجماعت نماز ہو رہی ہے تو کہیں لوگ زمین سے کنکریاں ڈھونڈ رہے ہیں، اور پھر رات کا وقت بہت خوبصورت سماں تھا۔ سفید احرام پہنے ہوئے کچھ لوگ پہاڑوں کے اُوپر چڑھ کر دعائیں مانگ رہے ہیں اور جس کو جہاں جگہ ملی سجدوں میں پڑے ہیں، یہاں میں خاص طور پر ایک ایسی لڑکی کا ذکر کروں گی جو چھوٹے سے ٹیلے کے اُوپر چاندی کی طرح سفید احرام پہنے ہوئے دعا مانگتی ہوئی ایسے لگ رہی تھی جیسے کوئی فرشتہ ہو نظر نہیں رُکتی تھی اُس کو دیکھنے سے۔ اُس رات کی خوبصورتی کو شاید میں اپنے الفاظ میں اچھی طرح بیان نہ کر سکوں محسوس کر سکتی ہوں۔

مزدلفہ سے فجر کی نماز سے پہلے ہی ہماری روانگی شروع ہوگئی کیونکہ لوگ بہت تھے اور کوچ ایک تھی اس لئے ہر ایک کی خواہش تھی کہ ہمیں کوچ میں جگہ مل جائے۔ بہت سارے لوگ تو پیدل ہی چل پڑے۔ منیٰ کی طرف جاتے ہوئے ہمارا ڈرائیور راستہ بھول گیا جس سے ہم نے بیس منٹ کا سفر تقریباً تین یا چار گھنٹے میں طے کیا۔ یہ دن ہمارا بڑے شیطان کو سات کنکریاں مارنے کا تھا۔ آج کا دن بہت شدید گرمی کا دن تھا ہم حضرت ابراہیمؑ اور حضرت اسماعیلؑ کی یاد تازہ کرتے ہوئے لوگوں کے ایک سمندر کی طرح بہتے ہوئے جمرہ عقبہ کی طرف کنکریاں مارنے کے لئے نکل کھڑے ہوئے۔ جدھر بھی نظر اُٹھی تیز قدموں سے

چلتے لوگ دُعاؤں میں مگن اپنے اپنے گروپ کے ساتھ رہتے ہوئے بھاگ رہے تھے ،سب کو اپنے گروپ سے بچھڑنے کا بھی خوف تھا۔اتنے رش میں اگر کوئی گُم ہو جائے تو ملنا بہت مشکل تھا۔باوجود اِس کے کہ ہم سب نے ہاتھ میں ہاتھ لئے اِیک دوسرے کا سہارا بنے رہے پھر بھی یہ کوشش تھی کہ ہم سب اپنے چھتری تانے معلّم کے ساتھ ساتھ رہیں الحمد للہ ہم واپس خیریت سے منیٰ واپس پہنچ گئے ۔یہ دن قربانی کا بھی تھا۔تقریباً تین یا چار بجے تک ہمیں یہ خوش خبری ملی کہ اُس قربانی کی یاد میں جو حضرت ابراہیمؑ نے اپنے بیٹے کے لئے دی تھی آج ہماری طرف سے وہ فریضہ بھی ادا ہو گیا۔مردوں نے سر منڈوائے اور ہم عورتوں نے بھی ایک انگلی کے پور کے برابر بال کٹوائے۔

11۔ذوالحج آج منیٰ میں ہمارا آخری دن تھا۔ آج رات کو ہم نے واپس مکّہ مکرمہ کی طرف جانا تھا۔ ابھی ہم نے تینوں شیطانوں کو دو دو مرتبہ کنکریاں مارنی تھیں۔ رش سے بچنے کے لئے ہمارے معلّم صاحبان نے ہمیں ہدایت دی کہ رات کو دو بجے ہم منیٰ سے رخصت ہو جائیں گے لہٰذا سب لوگ وقت پر تیار ہو جائیں۔ نیند بھلا کس کو آتی ہے ہم سب عین وقت پر باہر اپنے گروپ کے پاس آ گئے، اور ایک مرتبہ پھر انسانوں کا ٹھاٹھیں مارتا ہوا سمندر دُعاؤں میں مصروف توبہ استغفار کرتے ہوئے رَمی کے لئے بڑھا، رات کے دو بجے یہ انسانوں کا بہتا ہوا سمندر ایک عجب نظارہ پیش کر رہا تھا، اُس مقام پر پہنچے جہاں کنکریاں مارنی تھیں ۔ کیونکہ ہم نے آج تینوں شیطانوں کو دو دفعہ کنکریاں مارنی تھیں اِس لئے پہلے تینوں شیطانوں کو ایک دفعہ مار کر دوسرے دن کا انتظار کرنا تھا ،سو ہم نے وہاں چٹائیاں بچھائیں اور اذان کی انتظار کے لیئے بیٹھ گئے اور اس خوبصورتی کا نظارہ کرتے رہے کہ کس قدر دنیا ہے اور سب ایک مقصد کے لئے اکٹھے ہیں۔ بہت خوبصورت ٹھنڈی رات تھی کھلے آسمان کے نیچے یہ ہماری دوسری رات تھی (اُس روحانی رات کو بھی میں شاید اپنے الفاظ میں بیان نہ کر سکوں)۔اذان کے بعد نماز ہوئی اور باقی کے شیطانوں کو کنکریاں ماریں۔ اللہ کرے کہ ہم وہ تمام حج کرنے والے جو اِن بے جان شیطانوں کو کنکریاں مارتے ہیں اپنے دل کے شیطانوں کو بھی کنکریاں ماریں تا کہ خدا کی محبت دل میں پیدا ہو۔آمین۔

اُس کے بعد ہمارے تمام گروپ والے اپنے اپنے راستہ کو نکل گئے اور ہم آٹھوں احمدی چھوٹے سے گروپ کے ساتھ واپس مکّہ کی طرف روانہ ہوئے ، منیٰ سے مکّہ تک یہ سفر پیدل ہی تھا۔ چلتے تھکے ہارے ہم اپنے ہوٹل پہنچے۔نہائے دھوئے آرام کیا اور یہ سوچ کر کہ آخری رکن طواف زیارت رات کو کریں گے شائد رش کم ہو، ہم رات کے بارہ بجے ہوٹل سے نکلے ہوٹل سے خانہ کعبہ تقریباً پندرہ یا بیس منٹ کے فاصلہ پر ہوگا مگر رش کی وجہ سے ہماری ٹیکسی رات کے چار بجے خانہ کعبہ پہنچی۔ وہاں حاجیوں کی تعداد میں کوئی کمی نہیں تھی۔ہمیں پھر بھی کوئی دشواری نہیں ہوئی ، بڑے سکون سے دعائیں اور التجائیں کرتے ہوئے اللہ کے حضور جھکتے ہوئے گریہ زاری کرتے ہوئے بیت اللہ کے دیدار سے اپنی آنکھوں کو اِس نور سے منور کرتے ہوئے طواف مکمل کیا۔ اُس کے بعد صفا مروہ پر جا کر سعی کی حضرت ہاجرہ اور حضرت اسماعیلؑ کی یاد تازہ کر کے دعائیں کرتے ہوئے اِس رکن کو بھی ادا کر لیا۔ الحمد للہ ہمارا حج مکمل ہو گیا،شکرانے کے نفل ادا کئے ، اپنے حاجیوں کو مبارک باد پیش کی اور سب کا شکریہ ادا کیا۔

اِس کے بعد ہمارے پاس ایک اور ہفتہ مکّہ مکرمہ میں قیام کا تھا۔ جو ہم نے اپنی مرضی سے گزارنا تھا۔وہ بھی عمرہ کرتے ہوئے اور زیارتوں میں گزرا۔ میں اب اُن باتوں کا ذکر کرنا چاہتی ہوں جن کی وجہ سے ہمارا یہ روحانی سفر آسانی سے گزرا۔ ہمارے معلّم صاحبان نے مدینہ میں ہمارے کھانے اور سہولت کا بہترین انتظام کیا ہوا تھا۔ہمیں کبھی بھی اور کہیں بھی اپنا سامان نہیں اُٹھانا پڑا۔ مکّہ میں ہمارے پیکیج میں کھانا شامل نہیں تھا مگر وہاں بھی ہمیں کھانا وہ دیتے رہے ، یہاں تک کہ ائیر پورٹ پر جہاں اور کوئی سہولت نہیں تھی وہاں بھی ہمیں بہترین چکن پلاؤ اور سوفٹ ڈرنکس سے ہماری مہمان داری کی ۔ چونکہ ہمارے علم میں یہ ہی تھا کہ مکّہ میں ہم نے اپنا کھانا وغیرہ خود سے بنانا ہے۔ ہم نے اپنا انتظام کیا ہوا تھا، ہوٹل میں ہمیں باورچی خانہ کی تمام سہولتیں میسر تھیں ، نرگس نے قمر نے نصرت اور بشریٰ نے بہت اچھی طرح باورچی خانہ کو سنبھالا ، عشرت صاحب ایوب صاحب اور داؤد صاحب نے پوری طرح کچن میں بھی ساتھ دیا۔ میرے اور نصرت خان کے ساتھ کوئی مرد نہیں تھا اِس لئے ہم دونوں کی کمپنی بہت اچھی رہی ، حج کے بعد میں چیسٹ انفیکشن کی وجہ سے بیمار ہوئی تو میری دیکھ بھال بھی اُس نے بہت کی ۔

سچ پوچھیں حج کی تو ہر ہر بات ہی قابل توجہ اور قابل ذکر ہے مگر ایک واقعہ ایسا ہے جو میرے ہی نہیں بلکہ ہمارے گروپ کے ہر شخص کے دل کے اندر گیا۔ یہ واقعہ ایک نوجوان بیٹے کا ہے جس کی والدہ کی عمر 83 برس کے قریب تھی اور ویل چیئر پر تھی ایک قدم بھی نہیں چل سکتی تھی ، مگر اُس ایرانی بیٹے نے اپنی والدہ کو اس قدر پیار سے سنبھالا ہوا تھا کہ ہر شخص حیران تھا۔ پورا سفر اُنہوں نے ہمارے ساتھ کیا، کوچ سے اُترتے وقت اور بیٹھتے ہوئے ہمیشہ گود میں ہی اُٹھاتا۔ایک مرتبہ چڑھتے ہوئے اُس کی ماں کا ہاتھ میں نے پکڑنے کی کوشش کی تو بڑے پیار سے کہا آپ کا بہت شکریہ مگر مجھے اچھا لگتا ہے کہ ہر کام میں خود اپنی ماں کا کروں۔ گود میں اُٹھا کر ٹائلٹ میں لیکر جانا پھر وہاں کسی نہ کسی عورت کی مدد لینی ہوتی تھی، اتنی دیر دروازے کے باہر انتظار کرنا۔ایک مرتبہ ہم نے پندرہ گھنٹے کوچ کا سفر کیا اُس بیٹے نے کیسے اپنی ماں کو سنبھالا یہ صرف دیکھنے سے ہی تعلق رکھتا ہے۔ ہاں میں یہ کہہ سکتی ہوں اور میں نے اُس کو کہا بھی کہ تمہارا حج تو تمہیں دیکھ کر ہی لگتا ہے کہ قبول ہو گیا ہے۔اُس کا اپنی ماں کو پیار کرنا اور کھلانا پلانا غرض ہر چھوٹی سے چھوٹی بات کا اس نے خیال کیا۔

حج کے بعد اکثر لوگ وہاں بیمار ہو جاتے ہیں۔حج کے بعد اس سے میری ملاقات ہوئی تو میں نے اُس کا اور اُس کی ماں کا حال پوچھا کہتا میری طبیعت کافی خراب ہو گئی تھی۔ میں نے پوچھا ماں خوش ہے، کہتا ہاں بہت خوش ہے ۔اور بتایا کہ جب ہم نے طواف زیارت ختم کیا تو میں نے ماں سے پوچھا ماں خوش ہو تو کہنے لگی ہاں خوش تو ہوں مگر تمہارے باپ کی بہت خواہش تھی کہ وہ بھی حج کرے مگر وہ تو نہیں کر سکا اب تم اُس کے حصہ کے بھی سات چکر لگاؤ کہتا میں اب دونوں کی طرف سے طواف کر کے آ رہا ہوں، اللہ سے دعا ہے کہ وہ ہم سب کا حج قبول فرمائے آمین۔

آخر میں مَیں پھر اپنے تمام ساتھیوں اور حاجیوں کے لئے دعا کرتی ہوں کہ اللہ پاک سب کے حج قبول فرمائے۔ میں اپنے آپ کو بہت خوش نصیب سمجھتی ہوں کہ اللہ تعالیٰ نے مجھ جیسی گنہگار کو نواز دیا۔ مجھے ابھی بھی یقین نہیں آ رہا کہ کیا واقعی میں نے حج کیا ہے اللہ سے دعا کرتی ہوں اللہ تعالیٰ ہمیں اپنے خاص فضلوں اور انعام و اکرام سے نوازے۔ اپنی پوری فرمانبرداری اور اطاعت کی توفیق بخشے۔ہمارے اندر وہ تمام پسندیدہ صفات پیدا کرے جو ہماری سیرت و کردار اور اخلاقی ترقیوں کی راہیں ہموار کرے۔ ہمارے نفس کا تزکیہ ہو۔تقویٰ کی روح بیدار ہو، اللہ تعالیٰ سے تعلق پیدا ہو اور اللہ کی محبت ہر خواہش پر غالب آ جائے۔ مَیں اُس ذات پاک کا جتنا بھی شکر ادا کروں کم ہے کہ اُس نے مجھے توفیق بخشی اور میں نے اتنا بڑا انعام پایا۔ اللہ میری تمام کمزوریوں کی پردہ پوشی فرمائے اور مجھے اپنی رضا کی راہوں پر چلنے کی توفیق بخشے اور میرے اندر حج کی روح ہمیشہ قائم رہے۔آمین

☆......☆......☆

ترانۂ خلافت

وفا کے دیئے ہم جلاتے رہیں گے یہ جشنِ خلافت مناتے رہیں گے

جو آقا سے وعدہ کیا ہم نے مل کر
دل و جاں سے اس کو نبھاتے رہیں گے
ترے دیں کی خاطر جو آواز آئے
ہر اس حکم پر سر جھکاتے رہیں گے

وفا کے دیئے ہم جلاتے رہیں گے یہ جشنِ خلافت مناتے رہیں گے

اٹھا تھا منادی جو حکم خدا سے
صدا قادیاں کی سناتے رہیں گے
یہ جلسے یہ خطبے چراغاں مٹھائیاں
یہ خوشیاں سبھی ہم مناتے رہیں گے

وفا کے دیئے ہم جلاتے رہیں گے یہ جشن خلافت مناتے رہیں گے

ص۔ق

تحریک وصیت عطیہ چشم میں
حصہ لے کر ثواب دارین حاصل کریں

ا۔رشید چوہدری

حضرت صاحبزادہ مرزا بشیر احمد صاحب کی شفقت کی انمٹ یادیں

قیام پاکستان کے اگلے سال جب ربوہ میں کچی اینٹوں اور گارے سے عمارات بن گئیں۔قصر خلافت، بیت مبارک، ہسپتال، کارکنوں کے لئے کوارٹرز سب کچے تھے۔ ہمارے اباجی محترم مولوی عطامحمد صاحب کو بھی کوارٹر مل گیا تو ہم کوئٹہ سے ربوہ آنے کے لئے لاہور پہنچے۔ بڑے بھائی جان مکرم خلیل احمد صاحب قادیان سے ہی حضرت صاحبزادہ مرزا بشیر احمد صاحب کے پاس کارکن کے طور پر کام کرتے تھے۔ اس وقت بھی حضرت میاں صاحب کے ساتھ جودھامل بلڈنگ لاہور میں قیام پذیر تھے۔آفس کے ساتھ ایک بڑا کمرہ رہنے کے لئے ملا ہوا تھا۔رات ہم نے وہیں گزاری۔کیونکہ ربوہ کے لئے ٹرین اگلے دن ہی ملنی تھی۔صبح اٹھے۔حضرت میاں صاحب کو اس دن پہلی دفعہ میں نے دیکھا۔آپ دفتر آنے کے لئے اپنے گھر سے نکلے۔سامنے ہی ہمارا کمرہ تھا۔ہم بچے باہر ہی کھڑے تھے۔آپ کو دیکھ کر ہم نے سلام عرض کیا۔نہایت شفقت سے ہم سب بچوں کو پیار کیا۔اتنی پیاری دل موہ لینے والی شخصیت میں تو دیکھتی ہی رہ گئی۔

حضرت میاں صاحب نے بھائی جان کو فرمایا کہ آپ کی والدہ اور بہن بھائی آرہے ہیں۔رات یہاں ٹھہرنا ہے۔کسی بھی چیز کی ضرورت ہو تو بلاتکلف کہہ دیں اور کل صبح سب کا ناشتہ ہمارے گھر ہوگا۔ہم کافی لوگ تھے۔ہمارے ساتھ ہماری بڑی آپا مبارکہ صاحبہ اہلیہ مولوی محمد افضل صاحب مربی سلسلہ اور ان کے بچے بھی تھے لمبے سفر سے تھکے ہوئے آئے تھے آتے ہی سو گئے۔صبح اٹھے نہادھو کر تیار ہوئے۔ حضرت میاں صاحب کے گھر کے گرم گرم پراٹھے، آملیٹ اور چائے کا مزا اور سب سے زیادہ حضرت میاں صاحب کی شفقت اب تک یاد ہے۔

اسی دن ربوہ کے لئے ٹرین پکڑی۔ربوہ سٹیشن پر اترے۔بالکل سامنے چند گز کے فاصلے پر ہمارا کوارٹر تھا۔ ساتھ والا کوارٹر ہماری آپا مبارکہ کا تھا۔ بڑی آپا مبارکہ حضرت میاں صاحب کی ملاقات کے لئے اکثر جاتی تھیں۔ کچھ سال بعد آپا بیمار ہو گئیں۔تو بھائی جان نے ہمیں کہا۔کہ تم لوگ کبھی کبھی حضرت میاں صاحب سے ملاقات کرآیا کرو۔ دعا کے لئے درخواست کیا کرو۔چنانچہ ناصرہ آپا۔ زکیہ آپا۔امۃ السلام اور میں چاروں بہنیں آپ سے ملاقات کے لئے جاتے۔اس وقت تک پکے مکانات بن چکے تھے۔ہم پہلے حضرت میاں صاحب کی بیگم صاحبہ ام مظفر صاحبہ کے کمرے میں جاتے۔ان سے ملتے۔وہ بھی نہایت شفقت سے ملتیں۔سب کا احوال دریافت فرماتیں۔چائے یا ٹھنڈا مشروب منگواتیں۔

تھوڑی دیر بعد ہم کہتے کہ ہم حضرت میاں صاحب سے ملنا چاہتے ہیں۔آپ خادمہ کو ساتھ والے کمرے میں حضرت میاں صاحب کے پاس بھجواتیں۔کہ جا کے کہو۔مولوی صاحب کی بیٹیاں آئی ہیں۔ملنا چاہتی ہیں۔حضرت میاں صاحب ازراہ شفقت بلوا لیتے۔ ہم خوشی خوشی جاتے۔حضرت میاں صاحب کی شفقت اور دعائیں لے کر مسرور واپس آتے۔شروع میں بڑی جھجک تھی۔حضرت میاں صاحب کے ادب واحترام کی وجہ سے بات کرنی مشکل ہوتی تھی۔ حضرت میاں صاحب سب کے متعلق پوچھتے تو ہم جواب دے دیتے۔دعا کی درخواست کرتے اور سلام کر کے واپس آجاتے۔ آپ سے ملاقات کر کے دل خوشی سے بلیوں اچھل رہا ہوتا۔آپ کی بے انتہا شفقت کی وجہ سے آہستہ آہستہ جھجک دور ہوئی۔اب ایک ہفتہ ہی گزرتا تو بے اختیار آپ سے ملنے کے لئے دل مچلتا اور ہم بہنیں آپ کی خدمت میں حاضر ہو جاتیں۔

اس زمانے میں ایک دفعہ چینی کا شدید بحران ہو گیا۔راشن کارڈ سے ہر ہفتے چینی ملتی تھی۔وہ بھی اتنی کم کہ دودن میں ختم ہو جاتی تھی۔ ہفتے کے باقی دن گڑ اور شکر پر گزارہ ہوتا تھا۔انہی ایام میں ایک دن ہم حضرت میاں صاحب سے ملنے گئے۔آپ سے ملاقات کے بعد واپس آئے۔خادمہ چائے لے آئی تھی۔سب کو بنا کے دی۔چینی کی بجائے شکر ڈال رہی تھی۔حضرت میاں صاحب کے لئے بھی چائے لے کرگئی۔کچی شکر کی وجہ سے چائے کا مزہ بالکل اچھا نہیں تھا۔مگر سب پی رہے تھے۔ہم نے بھی بمشکل پیالی ختم کی۔ہم بھی شکر والی چائے بناتے تھے۔مگر پانی میں شکر پکا لیتے تھے۔ پھر پتی اور دودھ ڈالتے۔اس طرح چائے مزیدار بنتی تھی۔گھر آ کے ہم نے ذکر کیا۔کہ پتہ نہیں کس طرح شکر والی چائے پیتے ہوں گے۔تب ہم نے کہا کہ ہمیں کافی چینی ملتی ہے گھر کے افراد زیادہ تھے۔مگر ہمارے گھر بھی دو دن ہی چلتی تھی۔ہم یہ دو دن بھی گڑ اور شکر استعمال کر لیں گے۔ اپنی چینی حضرت میاں صاحب کے لئے لے جائیں گے۔ چنانچہ ہم دو ہفتے کی چینی لے کے گئے۔حضرت ام مظفر صاحبہ نے خوشی کا اظہار کیا اور خادمہ سے فرمایا اب اچھی سی چائے بنا کے لاؤ۔چینی والی چائے پیتے ہیں۔ خادمہ حضرت میاں صاحب کے لئے بھی چائے لے کرگئی تو آپ نے پوچھا کہ چینی کہاں سے آئی؟ خادمہ نے بتایا کہ مولوی صاحب کی بیٹیاں لے کے آئی ہیں۔آپ نے بھی خوشی کا اظہار فرمایا۔اس دن بڑا مزے کا لطیفہ بھی ہوا۔ہم چائے پی رہے تھے کہ محترمہ آپا جان سیدہ نصیرہ بیگم حضرت میاں عزیز احمد صاحب بھی آگئیں۔ان کو بھی چائے دی تو حیرانی سے پوچھنے لگیں آپ کے پاس اتنی چینی کہاں سے آگئی؟ حضرت ام مظفر صاحبہ نے فرمایا کہ پچھلے ہفتے یہ آئیں تو ان کو شکر کی چائے پلائی تھی۔اس دفعہ یہ چینی لے آئیں۔محترمہ آپا جان ہنس کے کہنے لگیں کہ لڑکیو تم لوگ میرے پاس بھی آؤ۔تو میں بھی تمہیں شکر کی چائے پلواؤں تاکہ......اور پھر ہنس پڑیں باقی سب بھی خوب ہنسے۔

آپ کی صاحبزادی محترمہ امۃ المجید صاحبہ ایک دفعہ ربوہ کچھ عرصہ رہنے کے لئے آئیں تو اپنے بیٹے عزیزم ماجد کو فضل عمر ماڈل سکول میں داخل کروا دیا۔ تاکہ بچہ پڑھائی کرتا رہے عزیزم ماجد میری کلاس میں بیٹھتے رہے۔ان دنوں میں فضل عمر سکول میں ٹیچر تھی۔ انہی دنوں میں ہم حضرت میاں صاحب کے پاس گئے عزیزم ماجد نے مجھے دیکھ لیا۔ہم حضرت میاں صاحب سے ملاقات کر کے حضرت ام مظفر صاحبہ کے پاس بیٹھے تھے کہ خادمہ حضرت میاں صاحب کے کمرے سے کچھ پھل لے کے آئی اور مجھے دیئے میں نے تھوڑا حیران ہو کے پوچھا کہ یہ کیا ہے؟ تو کہنے لگی کہ ماجد میاں بڑے خوش ہو کے میاں صاحب کو بتا رہے تھے کہ میری Miss آئی ہوئی ہیں۔

تو میاں صاحب نے یہ پھل ان کو دیئے۔کہ جاؤ ان کو دے کے آؤ۔مگر میاں شرما رہے تھے تو میاں صاحب نے مجھے فرمایا کہ جاؤ تم ان کو دے آؤ۔ حضرت میاں صاحب کا تحفہ لے کے ہم خوشی خوشی گھر آئے۔سب نے یہ تبرک کھایا۔استاد کا ادب واحترام سکھانے کا کیسا پیارا اور انوکھا طریق تھا۔ اللہ تعالیٰ ہمیں اور ہماری نسلوں کو اپنے بزرگوں کے نقش قدم پر چلنے کی توفیق دے۔

جب حضرت مصلح موعود نے ارشاد فرمایا کہ خلافت کے متعلق میری کتب کا امتحان ہوگا تو ہم سب نے بھی یہ امتحان دیا۔جلدی ہی نتیجہ بھی آ گیا۔پاس بھی ہو گئے۔ کچھ دن بعد حضرت میاں صاحب کی خدمت میں حاضر ہوئے۔تھوڑی دیر حال احوال کے بعد پوچھا کہ تم میں سے کس کس نے اس کتاب کا امتحان دیا ہے؟ ہم نے عرض کی کہ ہم سب نے ہی دیا تھا۔پھر فرمایا۔اچھا! کس کے نمبر سب سے زیادہ تھے میں تو خوشی کے مارے کھڑی ہوگئی اور کہا میاں صاحب میرے۔ ناصرہ آپا اور زکیہ آپا کہنے لگیں۔ میاں صاحب! ہم نے بچوں اور گھر کی ذمہ داریوں کے ساتھ تیاری کی اور اب یاد کرنا بھی مشکل لگتا ہے۔لکھنے کی بھی پریکٹس نہیں۔اس کا تو پڑھائی کا زمانہ ہے۔ اس کے لئے سب کچھ آسان ہے ظاہر ہے اس کے نمبر ہی زیادہ آنے تھے۔میں نے کہا جی نہیں! یہ سب کچھ تو میاں صاحب کو پتہ ہی تھا۔پھر بھی انہوں نے پوچھا ہے۔حضرت میاں صاحب ہم بہنوں کی پیار بھری نوک جھونک سن کر مسکرا رہے تھے۔مگر کچھ کہا نہیں کیونکہ آپ کو تو ہر کسی کی دلداری مقصود ہوتی تھی۔مگر چہرے پر آپ کی مسکراہٹ اور آنکھوں میں اطمینان کی جھلک بتا رہی تھی کہ ہماری خلیفہ وقت سے محبت اور خلافت سے وفاداری سے آپ مطمئن ہیں۔

ایک دفعہ ہم آپ کے پاس گئے۔جونہی صحن میں داخل ہوئے۔ سامنے ہی برآمدے میں خاندان حضرت مسیح موعود کی خواتین مبارکہ نظر آئیں۔سب کی تیاری سے نظر آرہا تھا کہ کوئی تقریب ہے۔

ہم نے کھڑے ہو کے سوچا کہ واپس چلتے ہیں۔ مگر سب نے دیکھ لیا تھا۔ایک دو نے آواز بھی دی کہ آجاؤ۔آجاؤ۔ جا کے سب سے ملے۔ پتہ لگا کہ محترمہ صاحبزادی آپا امۃ المجید صاحبہ جنہیں گھر میں موجن کہتے تھے نے شادی کے بعد سب کو چائے پر بلایا ہوا ہے۔ہم نے کہا کہ ہمیں تو اس تقریب کا علم نہیں تھا۔ آپا موجن صاحبہ کہنے لگیں کہ کوئی بات نہیں۔تم لوگ تو آتی رہتی ہو۔اچھا ہوا تم بھی شامل ہوگئیں۔مردانے میں مردوں کا انتظام تھا۔تھوڑی دیر بعد حضرت میاں صاحب تشریف لائے۔ ہم نے کھڑے ہو کے سلام عرض کیا۔حسب معمول اسی شفقت سے ملے۔پھر آپا موجن سے فرمانے لگے۔موجن! ان کا خیال رکھنا۔ جب چائے شروع ہوئی آپا موجن نے ہمیں پلیٹیں دیں۔کہنے لگیں کہ بے تکلف ہو کے کھاؤ پیو۔حضرت میاں صاحب کبھی تشریف لاتے۔ہاتھ میں کوئی نہ کوئی ڈش پکڑی ہوتی۔ہماری پلیٹوں میں اپنے ہاتھ سے چیز ڈالتے کہ یہ بھی کھاؤ۔ایک دفعہ پیٹھے کی مٹھائی لے کے آئے۔ہماری پلیٹوں میں رکھی۔فرمایا پیٹھے کی مٹھائی ہے۔بہت مزے دار ہے میں نے خاص طور پر لاہور سے منگوائی ہے۔محترمہ آپا موجن صاحبہ چائے کی میز پر پیالیوں میں چائے بنا رہی تھیں۔کسی نے آواز دی آپا موجن! ایک کپ میرے لئے بھی۔کہنے لگیں کہ میں تو ناصرہ وغیرہ کے لئے بنا رہی ہوں۔تم خود آ کے بناؤ۔ہم بہنوں کو خود لا کے پیالیاں دیں۔غرضیکہ اس دن شفیق باپ بیٹی کی مہمان نوازی سے ہم نے بھرپور لطف اٹھایا۔ایک لمحہ کے لئے بھی ہمیں محسوس نہیں ہوا کہ ہم بن بلائے مہمان ہیں۔

ہماری چھوٹی آپا عطیہ بیگم محمد عیسیٰ جان صاحب کوئٹہ سے آئی ہوئی تھیں۔ حضرت میاں صاحب سے ملاقات کے لئے جانے لگے۔تو مکرم بھائی جان کہنے لگے کہ میں بھی ساتھ چلتا ہوں۔ میں دروازے پہ کھڑا رہوں گا۔آپ حضرت میاں صاحب سے اجازت لیں۔اگر مل جائے تو مجھے بلوالیں۔ہم حضرت میاں صاحب کی خدمت میں حاضر ہوئے۔آپ نے بیٹھنے کا ارشاد فرمایا۔آپا نے عرض کی کہ میرے میاں بھی ملاقات کے خواہشمند ہیں۔اگر آپ اجازت دیں تو ان کو بھی بلا لوں۔آپ نے دریافت فرمایا کہ کہاں

ہیں؟ آپا نے عرض کی کہ باہر دروازے پر کھڑے ہیں۔حضرت میاں صاحب پلنگ پر لیٹے ہوئے تھے۔ فوراً اٹھے اور فرمایا تم بیٹھو میں خود بلا لاتا ہوں۔آپ باہر گئے۔تو بھائی جان ٹہلتے ہوئے دور چلے گئے تھے۔ حضرت میاں صاحب واپس آ گئے۔فرمانے لگے کہ باہر تو نہیں ہیں میں دیکھ آیا ہوں۔آپا بڑی شرمندہ ہوئیں۔کہنے لگیں کہ دروازے پر ہی کھڑے تھے۔ پتہ نہیں کہاں چلے گئے۔میں جا کے دیکھتی ہوں۔میاں صاحب فرمانے لگے نہیں تم بیٹھو۔ میں پھر دیکھ کے آتا ہوں۔

اب بھائی جان دروازے کے قریب ہی تھے حضرت میاں صاحب ان کو ساتھ لے کے آئے۔ بھائی جان نے معذرت کی کہ آپ کو دو دفعہ تکلیف اٹھانی پڑی فرمایا تکلیف کیسی۔آپ میرے مہمان تھے بڑے خوشگوار ماحول میں دیر تک باتیں کرتے رہے باہر آ کے آپا نے پوچھا کہ آپ کہاں چلے گئے تھے حضرت میاں صاحب کو دو دفعہ باہر آنا پڑا۔ بھائی جان کہنے لگے کہ میرے تو وہم و گمان میں بھی نہیں تھا کہ میاں صاحب خود مجھے بلانے آ جائیں گے۔یہی خیال تھا کہ آپ بلانے آئیں گی۔ بھائی جان آپ کی اس شفقت اور عنایت کو کبھی بھولتے نہیں تھے۔

ایک دفعہ ہم ملاقات کے لئے گئے۔باتیں کرتے کرتے حضرت میاں صاحب نے خادمہ کے ذریعہ محترمہ آپا موجن صاحبہ کو بلوایا۔وہ آئیں تو فرمایا۔ موجن! مولوی صاحب کی بیٹیاں آئی ہیں۔ان کو اچھی سی چائے پلواؤ۔شاید تمہارا کام ہو جائے۔ ہم حیران تو ہوئے مگر برائے ادب خاموش ہی رہے۔ تھوڑی دیر بعد محترمہ آپا موجن صاحبہ نے خادمہ کے ہاتھ پر تکلف چائے بھجوا دی۔ہم نے چائے تو پی لی مگر پوچھنے کی جرأت پھر بھی نہ ہوئی کہ کونسا کام کس نے کرنا ہے۔گھر آ کے ابا جی کو بتایا۔تو کہنے لگے کہ ان کے حصہ جائیداد کی ادائیگی کا مسئلہ تھا۔وہ تو طے ہو گیا ہے آج ویسے ہی حضرت میاں صاحب کی خواہش ہو گی کہ تم لوگوں کو اچھی سی چائے پلوائی جائے۔یا آپا موجن صاحبہ کو یاد دلانا تھا۔کہ ان کے ابا نے تمہارا کام آسان کیا ہے۔بطور شکریہ ان کو اچھی سی چائے پلواؤ۔ سوچتی ہوں کہاں حضرت میاں صاحب کی ذات بابرکات اور کہاں ابا جی۔حضرت میاں صاحب اشارہ بھی کرتے تو کام ہو جاتا۔لیکن آپ نے یاد رکھا اور اپنی صاحبزادی کو بھی یاد کروایا۔کیا شان تھی آپ کی اور کیا اعلیٰ اخلاق۔سب کے لئے ایک بہترین نمونہ۔

ایک دن حضرت میاں صاحب کا کارکن ہماری ناصرہ آپا کے نام خط لے کے گیا۔مختصر سا حکم نامہ ہی تھا کہ کسی وقت مجھے آ کے ملیں۔ساری دو پہر ہم سوچ سوچ کے پریشان ہوتے رہے کہ میاں صاحب نے کیوں بلوایا ہے۔ابھی تو ہفتہ بھی نہیں گزرا تھا ہم آپ سے مل کر آئے تھے۔ایسی کیا بات ہو گئی۔کچھ سمجھ میں نہیں آ رہا تھا بہر حال خدا خدا کر کے دو پہر کٹی۔عصر کے بعد ہم آپ کی خدمت میں حاضر ہو گئے۔آپ کے چہرے پر مسکراہٹ اور مخصوص شفقت بھرے لہجہ نے ساری فکر اور کوفت دور کر دی۔آپ نے بیٹھنے کا ارشاد فرمایا۔حال احوال دریافت فرمایا پھر فرمانے لگے کہ میں لاہور گیا تھا۔تمہارے ابا ملے تھے۔تم سب کو سلام کہلوایا ہے۔بالکل خیریت سے تھے۔پھر کچھ پیسے نکال کر دیئے کہ یہ پیسے دیئے تھے۔کہ تم لوگوں کو پہنچا دوں۔لے لو۔ ناصرہ آپا نے اٹھ کے لے لئے۔تو فرمایا کہ گن لو۔اب ناصرہ آپا کھڑی ہیں۔کہ کیا گنوں۔ جتنے بھی ہیں ٹھیک ہیں۔آپ نے آپا کا تذبذب دیکھا تو فرمایا۔گن لو۔ یہ تو اللہ اور اس کے رسول کا حکم ہے کہ گن کے لیا دیا کرو۔اس میں شرم کیسی۔تب آپا نے آپ کا حکم بجا لانے کی خاطر گن لئے۔فرمانے لگے ٹھیک ہے۔اب میری بھی تسلی ہو گئی۔ ہوسکتا ہے کہ گننے میں مجھے غلطی لگ جاتی یا تمہیں۔تم نے تو مجھے آ کے نہیں کہنا تھا کہ اتنے پیسے کم ہیں اور میں گنہگار ہوتا۔اللہ تعالیٰ کا کوئی حکم حکمت سے خالی نہیں۔

ہمارے ابا جی ریٹائرمنٹ کے بعد حضرت میاں صاحب کے فرمانے پر ماڈل ٹاؤن میں بچوں کو قرآن مجید پڑھاتے تھے۔آپ نے ابا جی کے لئے رہنے۔ کھانے وغیرہ کا انتظام بہت اچھا کروا دیا تھا۔ابا جی نے بتایا کہ میں صبح نماز کے بعد سیر کے لئے نکل جاتا ہوں اس دن بھی سیر سے واپس آ رہا تھا کہ ایک گاڑی میرے قریب آ کے رکی۔ دیکھا تو حضرت میاں صاحب گاڑی میں تشریف فرما تھے۔آپ نے گاڑی کا دروازہ کھولا۔ میں نے بڑی خوشی سے آگے بڑھ کے سلام عرض کیا۔مصافحہ کیا۔حضرت میاں صاحب حال پوچھتے رہے۔کسی طرح کی کوئی تکلیف تو نہیں۔ میں نے عرض کیا آپ کی مہربانی سے سب کچھ بہت اچھا ہے۔پھر فرمایا۔ میں ربوہ جا رہا ہوں۔آپ کی بیٹیاں آتی رہتی ہیں۔ان کے لئے کوئی پیغام ہو تو دے دیں۔میں نے عرض کی کہ میرا اسلام ان کو کہہ دیں۔اور خیریت بتا دیں۔یہ کچھ پیسے گھر بھجوانے تھے۔اگر لے جائیں تو بڑی مہربانی ہو گی۔میاں صاحب نے فوراً پیسے پکڑ لئے۔فرمانے لگے ہاں۔ہاں کیوں نہیں۔میں پہنچا دوں گا اور سلام دعا کے بعد رخصت ہو گئے۔اور میں دیر تک اللہ تعالیٰ کی حمد کرتا رہا کہ حضرت صاحبزادہ صاحب مجھ عاجز بندے کو دیکھ کر رک گئے۔ میں تو اپنے دھیان میں مگن جا رہا تھا۔مجھے پتہ بھی نہ چلتا کہ گاڑی میں کون تھا۔ ہمارے ابا جی کو تو حضرت میاں صاحب سے عشق تھا ہی۔میاں صاحب بھی آپ سے ہمیشہ پیار اور دلداری کا سلوک فرماتے۔

ہم اپنے بھائی جان مکرم خلیل احمد صاحب کی شادی کی تیاری کر رہے تھے۔ایک لڑکی ہمیں بہت پسند تھی۔اس کی امی کو رشتے کی درخواست کی۔مگر انہوں نے انکار کر دیا۔ہم نے حضرت میاں صاحب سے عرض کی۔کہ آپ لڑکی کے والد صاحب سے بات کریں تو شاید مان جائیں۔آپ نے لڑکی کے والد صاحب کو رشتے کے لئے کہا۔ وہ کہنے لگے کہ مجھے تو کوئی اعتراض نہیں۔مگر میری بیوی نہیں مانتی۔ہمیں لڑکی بہت پسند تھی۔ہم نے عرض کی کہ آپ ایک دفعہ اور ان کو زور دیں شاید وہ مان جائیں۔آپ فرمانے لگے کہ میں خود ہی دو دفعہ اس کے ابا کو بلا کے بات کر چکا ہوں۔ ان کا ایک ہی جواب ہے۔ پھر ہمیں سمجھانے لگے کہ دیکھو ایک رشتے کے اتنا پیچھے پڑنا بھی شرک ہے۔اب اس کا خیال چھوڑ دو اور کوئی اور لڑکی دیکھو۔ پھر فرمایا۔اس بات کا خیال رکھنا خلیل بہت حساس ہے اس کے لئے اچھی لڑکی ہی دیکھنا۔ہم نے عرض کی آپ دعا کریں۔ اللہ تعالیٰ ہماری راہنمائی فرمائے۔سو اللہ نے فضل کیا۔ بھائی جان کی شادی ہوئی۔اللہ تعالیٰ نے اولاد بھی عطا کی۔ پہلے والا رشتہ نہ ہونے میں کیا حکمت تھی۔اس کا راز بہت بعد میں کھلا۔ جب اس کی شادی ان کی والدہ کی وفات کے بعد کر دی گئی۔مگر اس کے کوئی اولاد نہ ہوئی۔جبکہ ہمارے بھائی جان کو بچوں کا بہت شوق تھا۔

جب بھائی جان کا نکاح ہونا تھا۔ بھائی جان نے ہمیں کہا کہ حضرت میاں صاحب کی خدمت میں جا کے عرض کرو۔کہ میری خواہش ہے کہ میرے نکاح کا اعلان آپ فرمائیں۔ہم نے جا کے بھائی جان کا پیغام دے دیا۔ حضرت میاں صاحب چند لمحے خاموش رہے۔جیسے کچھ سوچ رہے ہوں۔پھر فرمانے لگے کہ خلیل سے کہنا کہ اس کا نکاح میں ضرور پڑھا دیتا۔ مگر میں بڑی مشکل میں پڑ جاؤں گا۔میرے پاس نکاح پڑھوانے والوں کی لائن لگی رہے گی میں کس کو انکار کروں گا اور کس کے نکاح کا اعلان کروں گا۔خلیل سے کہو کہ مجھے اس مشکل میں نہ ڈالے۔میں اس کے لئے بہت دعا کروں گا۔بعد میں آپ نے بھائی جان کی اس طرح دلجوئی فرمائی کہ بھائی جان کی دعوت ولیمہ میں تشریف لائے۔حالانکہ جلسہ سالانہ کے فوراً بعد شادی تھی اور سب جانتے ہیں کہ جلسے کی وجہ سے آپ کتنے مصروف ہوتے تھے شادی کے بعد حضرت میاں صاحب نے بھائی جان، بھابھی جان سمیت ہم سب کو ملاقات کے لئے وقت دیا۔ بہت خوشی اور اطمینان کا اظہار فرمایا۔اپنی شفقت اور دعاؤں سے نوازا۔

حضرت میاں صاحب کی نوازشیں آپ کی شفقتیں کہاں تک بیان کروں۔آپ کے لئے جو احترام اور محبت کے جذبات پاتی ہوں۔احاطہ تحریر میں لانے سے قاصر ہوں۔یقیناً اللہ تعالیٰ نے آپ کی اور بہت سے پیارے بزرگوں کی دعاؤں کے طفیل مجھے بہت نوازا ہے۔ میں تو اس کی بے حد کمزور اور عاجز بندی ہوں۔مگر اللہ تعالیٰ کے فضلوں اور احسانوں تلے دبی ہوئی ہوں نہ میری زبان میں اور نہ ہی میرے جسم و جان میں اتنی طاقت ہے کہ اس کا شکر ادا کرسکوں۔ اب تو ایک ہی خواہش ہے کہ اللہ تعالیٰ محض اپنے فضل سے میرا انجام بخیر کرے اور آخرت میں بھی آپ کے قدموں میں جگہ دے جو اللہ تعالیٰ کے بھی پیارے ہیں اور مجھے بھی بے حد پیارے تھے۔آمین

حضرت عبداللہ بن رواحہ بن عمروؓ

انصار کے ان نقیبوں میں شامل تھے جو عقبہ ثانیہ کے موقعہ پر مقرر ہوئے۔سوائے فتح مکہ کے تمام غزوات میں شریک رہے تھے۔غزوہ موتہ میں 8ھ میں شہادت پائی۔آپؓ مدینے کے امراء اور شعراء میں سے تھے۔

ہمارا امام

دعا ہی دعا ہے ہمارا امام
خدا کی عطا ہے ہمارا امام
اندھیروں بھرے اس عجب دہر میں
وفا کا دیا ہے ہمارا امام
یہ فیضانِ رب ہے اسے مان لو
کہ معجز نما ہے ہمارا امام
اسی کا ہے پیغام راحت مدام
مقدس صدا ہے ہمارا امام
